ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com

روزنامہ

چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق

ایڈیٹر: عمر خیام

جلد03	جمعرات 14 نومبر 2024ء، 11 جمادی الاوّل 1446، یکم مگھر 2081	صفحات04/ قیمت20روپے	شمارہ نمبر203

موثر ابلاغ پیشہ ورانہ ترقی و مضبوط تعلق کا ضامن، جامعہ پونچھ میں ورکشاپ

واضح پیغام تنازعات، غلط فہمیوں اور غلطیوں کو کم، ایماندارانہ اور واضح بات چیت کام کیلئے مثبت ماحول پیدا کرتی ہے

ایچ ای سی کے تحت کپیسٹی بلڈنگ ورکشاپ کا دوسرا روز، ڈاکٹر امداد اللہ کا اظہار خیال، جامعہ کے اعلیٰ انتظامی افسران کی شرکت

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کی نیشنل اکیڈمی آف ہائر ایجوکیشن کے آؤٹ ریچ پروگرام کے تحت جامعہ پونچھ کے انتظامی عملے کیلئے 5 روزہ ورکشاپ کے دوسرے روز ریسورس پرسن یونیورسٹی آف سوات کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر امداد اللہ نے "فرائض کی ادائیگی کے دوران موثر ابلاغ" کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر پروگرام آرڈی نیٹر، ڈپٹی ٹریژرار اور سیکرٹری ٹو وائس چانسلر مرتضیٰ انور نے مہمان کو خوش آمدید (بقیہ 08 صفحہ 03 پر

کیساتھ ورکشاپ کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی۔ تربیتی ورکشاپ میں ایچ ای سی کی ڈپٹی ڈائریکٹر سعدیہ بخاری اور پروگرام کوآرڈی نیٹر طاہر محمود اور جامعہ کے انتظامی ملازمین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر امداد اللہ نے اپنے لیکچر میں کہا کہ فرائض کی ادائیگی کے دوران موثر ابلاغ، واضح پیغام ملازمین کی پیشہ وارانہ ترقی اور باہمی مضبوط تعلق کا ضامن ہے۔ ملازمین کے درمیان ایماندارانہ، واضح اور دوٹوک بات چیت سے ہم آہنگی اور دوطرفہ تعاون کو فروغ ملتا ہے جبکہ ٹیم ممبران کو اپنی ذمہ داریوں کو سمجھنے، اہداف کے حصول اور بہتر نتائج کیلئے ملکر کام کرنے میں مدد دیتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ واضح پیغام سے غلط فہمیاں دور ہوتی ہیں، غلطی کا امکان کم ہوتا ہے جبکہ کام کیلئے سازگار ماحول پیدا ہوتا ہے۔ مبہم پیغام یا ابلاغ سے تنازعات پیدا ہوتے ہیں جس سے مجموعی کارکردگی متاثر ہوتی ہے۔ ملازمین چیلنجوں پر بات کرنے میں آسانی محسوس کریں، تو نئے آئیڈیاز سامنے آتے ہیں۔ جب ملازمین سمجھتے ہوں کہ ہماری ذمہ داریاں کیا ہیں تو وہ اعلیٰ معیار کی خدمت فراہم کر سکتے ہیں۔ ملازمین کو سنا جائے تو ادارے کیساتھ ان کی کمٹمنٹ مضبوط ہوگی۔ ملازمین کی مہارتوں سے فائدہ اٹھانے کیلئے بھی موثر ابلاغ کا کردار اہم ہے۔